यहां = 

# C

SL. No : G

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 57 ]
Total No. of Questions : 57 ]

**CCE PR**
**REVISED**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U** **Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ/ New Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 26. 06. 2019 ] [ Date : 26. 06. 2019

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100 ] [ Max. Marks : 100

یہاں سے کاٹیے

**TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER**

اس مقام سے کاٹ کر سوالنامہ کھولئے

**Tear here**

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 57 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔



⌘(26)1224-PR(C)

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے **چار** متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ 10 × 1 = 10

1. یوروپی ممالک کی تجارت پر اجارہ داری کرنے والا تاجر ہے

(A) اٹلی کے تاجر (B) عرب کے تاجر

(C) فرانسیسی تاجر (D) ہندستانی تاجر

2. مسئلہ الحاق کو رائج کرنے والا گورنر جنرل ہے

(A) لارڈ ویلزلی (B) لارڈ کارنوالس

(C) لارڈ ڈلہوزی (D) لارڈ ولیم بینٹک

3. سرد جنگ کے صحیح ممالک کا گروپ ہے

(A) امریکہ - چین (B) چین - روس

(C) امریکہ - جاپان (D) امریکہ - روس

4. ہندوستان اور پاکستان میں تاشقند معاہدہ کا سال

(A) 1962 (B) 1963

(C) 1965 (D) 1966

5. غیر منظّم مزدور کی ایک خصوصیات ہے

(A) مزدوری (B) ہجرت

(C) اجرت (D) بغیر اُجرت مزدوری

6. ہندوستان کی سب سے بلند چوٹی ہے

(A) ہمالیہ (B) گوری شنکر

(C) مونٹ ایورسٹ (D) گاڈون آسٹین/$K_2$

7. درج ذیل میں سے ایک جنگلات میں بیساکھی نما جڑیں ہوتی ہیں

(A) سدابہار جنگلات (B) مانسونی جنگلات

(C) مانگرو کے جنگلات (D) کوہستانی جنگلات

8. ایک سال کے عرصہ میں ملک میں پیدا کئے گئے اشیاء اور خدمات کی کُل قدر و قیمت ہوتی ہے

(A) ریاستی آمدنی (B) قومی آمدنی

(C) ریاستی اور قومی آمدنی (D) فی کس آمدنی

9. ٹیلی شاپنگ کے معنی ہیں

(A) گھر بیٹھے ہی تجارت کرنا (B) بین الاقوامی تجارت

(C) خانگی تجارت (D) خوردہ فروش

10. عالمی ادارۂ غذا اور زراعت (F.A.O.) کا صدر دفتر ہے

(A) روم (B) نئی دہلی

(C) نیویارک (D) جنیوا

II. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **ایک** جملے میں دیجئے : 14 × 1 = 14

11. انگریز نے ہندوستان میں اپنے دلچسپیوں کو بچاتے ہوئے سیاسی امور (اقتدار) کیسے قائم کئے ؟

12. بنگال کی تقسیم کا سبب کیا ہے ؟

13. ڈرائن تھیوری کی بنیاد کس نے ڈالی ؟

14. انگریز ٹیپو سلطان کے خلاف نفرت کیوں کرتے تھے ؟

15. انگریزوں کے خلاف ہلگلی بیڑا نے کیوں بغاوت کی ؟

16. ہندوستان اور پاکستان کے درمیان مسلسل جنگیں ہونے کا سبب کیا ہے ؟

17. مونا وادی کی تحریک کہاں ہوئی ؟

18. لال مٹی کیسے بنتی ہے ؟

19. صندل کی لکڑی کونسے جنگلات میں پائی جاتی ہے ؟

20. مینگنیز کو آہنی آمیزش دھات کیوں کہا جاتا ہے ؟

21. مرکزی حکومت نے اشیاء اور خدماتی ٹیکس کیوں جاری کیا ؟

22. حالیہ دنوں میں صارفین کا تحفظ ضروری کیوں ہے ؟

23. عوامی بھیڑ سے کیا مُراد ہے ؟

24. سدا بہار جنگلات ہونے کی وجہ کیا ہے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 25 × 2 = 50

25. ویلزلی کے دور میں انگریزی سلطنت کی توسیع کیسے ہوئی ؟

یا

اینگلو سکھ جنگوں کے نتائج ( اثرات ) کیا ہوئے ؟

26. سوامی ویویکانند نوجوان طاقت کے لئے مثال تھے ۔ کیسے ؟

27. 1857ء کی بغاوت میں سیاسی عوامل ذمہ دار تھے ۔ کیسے ؟

28. ہندوستان کی آزادی کے بعد لسانی بنیاد پر ریاستوں کی تشکیل ہوئی ۔ واضح کیجئے ۔

29. ہٹلر جرمنی کے زوال کا ذمہ دار تھا ۔ کیسے ؟

30. ہندوستان امن کا حامی ملک ہے اس لئے تخفیف اسلحہ کی حمایت کرتا ہے ۔ کیوں ؟

31. انسانی حقوق کی جدوجہد کے اسباب کونسے ہیں ؟

32. بھوک کے اشارات کو کیسے معلوم کیا جاتا ہے ؟

33. ہندوستان کی آب و ہوا ایک علاقے سے دوسرے علاقے اور ایک موسم سے دوسرے موسم میں الگ ہوتی ہے ۔ ثابت کیجئے ۔

34. ترقی یافتہ ممالک کے لئے آبی ذرائع بہت ضروری ہیں۔ کیوں ؟

35. ریموٹ سینسگ ٹکنالوجی سے کیسے مدد حاصل ہوتی ہے ؟

36. آبادی کے اضافہ کی وجہ سے شرح اموات میں کمی آنے لگی ہے۔ کیسے ؟

37. (Fast-Food) سرعت والی غذائی اشیاء کا سلسلہ ترقی یافتہ ممالک میں کیسے صحت کی بگاڑ پیدا کر رہا ہے۔ سمجھایئے ؟

38. خواتین کی خود کفیلی کیسے حاصل کر سکتے ہیں ؟

39. ہندوستانی کسانوں کے لئے پھولوں کی کاشت مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیسے ؟

40. دوعملی حکومت کی خصوصیات کیا ہیں ؟

41. عہد معاونت کے شرائط کیا تھے ؟

42. جنسی امتیازات کے اقسام کونسے ہیں ؟

43. مٹی کے کٹاؤ کے نتائج کونسے ہیں ؟

44. ہندوستان میں آبپاشی ضروری ہے۔ کیوں ؟

45. شمالی میدان کی اہمیت بیان کیجئے؟

46. محکمۂ ڈاک سے ملنے والی سہولتیں (خدمات) کونسی ہیں ؟

47. براہ راست ٹیکس اور بالواسطہ ٹیکس کی دو مثالیں دیجئے ؟

48. ملک میں آفاقیت معاشی ترقی کو بڑھاوا دے رہا ہے۔ کیسے ؟

49. آریہ سماج کے مقاصد کیا ہیں ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں لکھئے : $6 \times 3 = 18$

50. زمینی لگان کے نظام سے ہندوستانی کسانوں پر کیا اثر پڑا ؟

**یا**

کتور میں انگریزوں کے خلاف کی بغاوت کو بیان کیجئے۔

51. غریبی کو دور کرنے کے لئے حکومت کے اٹھائے گئے اقدامات کون کونسے ہیں ؟

**یا**

تنظیم اقوام متحدہ کے کارنامے کون کونسے ہیں ؟

52. چھوت چھات کے خاتمے کے لئے دستوری اقدامات کو بیان کیجئے ۔

**یا**

غیر منظّم مزدوروں نے سماجی اور معاشی مسائل کا کسطرح سامنا کیا ؟

53. لوہے اور فولاد کی صنعت کے لئے درکار عوامل و مقامیت کونسے ہیں ؟

**یا**

سیلاب کے کوئی چھ وجوہات بیان کیجئے ۔

54. ریزرو بینک آف انڈیا اپنے ملک کی فلاح و بہبودی کے لئے جدوجہد کر رہا ہے ۔ کیسے ؟

**یا**

حکومت ٹیکس کے علاوہ دیگر ذرائع سے بھی آمدنی اکٹھا کرتی ہے ۔ کیسے ؟

55. بچت کھاتہ اور چالتی یا چالو کھاتہ میں فرق کیا ہے ؟

**یا**

ایکتا کپور اور کرن مجمدار شا کے کارہائے نمایاں کون کونسے ہیں ؟

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 4

56. عدم تعاون تحریک میں گاندھی جی کے اہم پروگراموں کو بیان کیجئے ۔

VI. 57. ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) کانڈلا

b) ڈگبوائے

c) کنیا کماری

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)**

ہمہ مقصدی دریائی منصوبہ کے اہم مقاصد کیا ہیں ؟ 4